urban advantage
science initiative

# اپنے اربن ایڈوانٹیج واؤچرز کس طرح استعمال کریں ساتھ ہی COVID کے حالیہ رہنما خطوط


## ستمبر 2022 – جون 2023

**(8/22/22)**

**ہم آپ کی کس طرح مدد کر سکتے ہیں؟ (واؤچر کی قسم پر کلک کریں):**

1. طالبِ علم +3 واؤچر کے لیے ہدایات
2. UA اداروں کا دورہ کرنے کے لیے COVID صحت اور تحفظ مطلوبات

## طالبِ علم +3 واؤچرز کے لیے ہدایات:


FREE ADMISSION
To New York City's science cultural institutions.
This voucher admits 1 student and 3 family members to
American Museum of Natural History
Bronx Zoo
Brooklyn Botanic Garden
New York Aquarium
New York Botanical Garden
New York Hall of Science
Queens Botanical Garden
Staten Island Zoo
urban advantage science initiative
Congratulations!
You are receiving this free voucher because your child is at an Urban Advantage School.
THIS MASTER VOUCHER CAN BE REUSED.
Not for School Group visits.
NO CASH VALUE - EXPIRES 6/30/23
Voucher ID Number:
XXXXXXX
School Number/Name
Teacher
For Position Only: Bar code
If voucher is collected at time of visit, please record: Date of visit: Number of Visitors: ☐1 ☐2 ☐3 ☐4
GENERAL INSTRUCTIONS FOR STUDENT +3 VOUCHERS:
1. All UA institutions, except for Queens Botanical Garden and New York Botanical Garden (Bronx), require advance timed-entry reservations. Please see instructions below, under each institution, for instructions on how to reserve your timed entry tickets.
2. Most UA institutions require that you show your tickets. Once you reserve your timed entry tickets you should receive an email with admission information.
3. Each voucher admits 4 people, you can reuse your UA voucher, and more than 4 people may be admitted at one time by reusing the voucher.
4. Voucher does not include parking at UA institutions, except at the Staten Island Zoo.
5. Consult uanyc.science/vouchers and institution website for COVID entry requirements.

1. طالبِ علم +3 واؤچرز کی معیاد 30 جون، 2023 کو ختم ہو جائے گی۔
2. تمام UA اداروں میں، ماسوائے کوئینز بوٹینیکل گارڈن اور نیویارک بوٹینیکل گارڈن (برونکس)، داخلوں کے لیے پیشگی، وقت مقررہ (ٹائمڈ داخلہ) پر داخلے کو محفوظ (ریزرویشن)کرانا درکار ہے۔ برائے مہربانی ذیلی ہدایات ملاحظہ کریں، ہر ادارے کے نیچے اس بارے میں ہدایات دی گئی ہیں کہ کس طرح داخلے کے لیے اپنی مقررہ وقت کی ٹکٹ محفوظ کرانی ہے۔
3. زیادہ تر UA ادارے آپ سے ٹکٹ دکھانے کا کہتے ہیں۔ ایک مرتبہ جب آپ اپنی وقت مقررہ پر داخلے کی ٹکٹیں محفوظ کرا لیں، آپ کو ای میل کے ذریعے داخلے کی معلومات موصول ہونی چاہئیے۔
4. ہر واؤچر 4 افراد کو داخل کرا سکتا ہے، اس واؤچر آئی ڈی کو دوبارہ استعمال کرتے ہوئے ایک وقت میں 4 سے زیادہ افراد داخل ہو سکتے ہیں۔
5. واؤچر میں UA اداروں میں پارکنگ شامل نہیں ہے، ماسوائے اسٹیٹن آئلینڈ زو کے۔

**امریکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری (American Museum of Natural History)**

عام داخلے اور ایک خاص نمائش کے لیے کارآمد ہے۔ واؤچر کو استعمال کرنے کے لیے AMNH سینٹرل ریزرویشن سے 5200-769-(212) پر پیشگی وقتِ مقررہ پر داخلے کے لیے (اپنے دورے کی تاریخ سے پہلے) رابطہ کریں۔ اس کال کے دوران آپ کو واؤچر آئی ڈی نمبر فراہم کرنے کی ضرورت ہو گی۔ منسوخ کرنے کے لیے اپنے دورے کے دن سے ایک دن قبل شام 5 بجے تک 5200-769-(212) پر رابطہ کریں۔

**مذکورہ بالا میں درج کسی بھی ادارے کا دورہ کرنے کے لیے اپنے واؤچر کو کس طرح استعمال کیا جائے اسکے بارے مزید معلومات اور تازہ ترین خبروں کے لیے براہِ کرم ذیل پر جائیں:** https://www.urbanadvantagenyc.org/visit-ua-institutions/

urban advantage
science initiative

## برونکس زو (Bronx Zoo)

برونکس زو میں ایک تمام مشمولات کے ساتھ داخلے کے لیے کارآمد ہے، جو پُرکشش مقامات، زو شٹل، اور تمام ادائیگی والی نمائشوں تک لامحدود رسائی کی پیشکش کرتا ہے: جنگل ورلڈ (تمام سال)، وائلڈ ایشیاء مونوریل (مارچ تا اکتوبر)، بٹرفلائی گارڈن (اپریل تا اکتوبر)، یا کونگو گوریلا فارسٹ (اپریل تا دسمبر)۔ پارکنگ شامل نہیں۔ اس واؤچر کو استعمال کرنے اور اپنی داخلے کی تاریخ اور وقتِ مقررہ کو محفوظ کرانے کے لیے wcs.education/ua-store کو اپنے ویب براؤزر میں کاپی اور پیسٹ کریں۔ اپنی ٹکٹوں کو آن لائن محفوظ کرانے کے لیے آپ کو **واؤچر آئی ڈی نمبر** اور اسکول کا نام فراہم کرنے کی ضرورت ہو گی۔ ایک مرتبہ جب آپ آن لائن مقررہ وقت محفوظ کرا لیں، آپ کو ایک علیحدہ ای میل کے ذریعے اپنی ٹکٹس موصول ہونگی، جسے آپ اپنے محفوظ کردہ تاریخ اور وقت پر داخلے کے بوتھ پر اپنے موبائل آلے کے ذریعے دکھائیں گے۔

## بروکلن بوٹانیک گارڈن (Brooklyn Botanic Garden)

عام داخلے کے لیے کارآمد ہے۔ 14 سال سے کم عمر بچوں کے لیے 18 سال یا بڑی عمر کے بالغ کی نگرانی لازمی ہے۔ ٹکٹیں مطلوب ہیں؛ فوری داخلے کے لیے پیشگی محفوظ کریں۔ https://www.bbg.org/visit پر جائیں، "ٹکٹ حاصل کریں" (Get Tickets) پر کلک کریں اس کے بعد "رکن نہیں ہیں، ٹکٹس خریدیں" پر کلک کریں (کوئی فیس نہیں لی جائے گی)۔ تاریخ منتخب کریں اور ٹکٹ محفوظ کرنے کے مینو میں "**ملحقه تنظیم کی ٹکٹیں**" منتخب کریں۔ "چیک آؤٹ" پر جائیں۔ آپ کو ایک تصدیقی ای میل بمعه QR کوڈ موصول ہوگی جسے آپ کو آمد کے وقت دکھانا لازمی ہے۔ دورہ کرنے والوں کی خدمات انجام دینے والے عملے کو دکھانے کے لیے آپ کو لازماً اپنا UA "طالبِ علم +3 " واؤچر (کاغذی یا ڈجیٹل کاپی) ساتھ لانا ہے۔

## نیویارک اکویریم (New York Aquarium)

اکویریم میں داخلے کے لیے کارآمد ہے، جس میں تمام نمائشوں تک رسائی اور D-4 تھیئٹر کا ایک دورہ شامل ہے۔ پارکنگ شامل نہیں۔ اس واؤچر کو استعمال کرنے اور اپنی داخلے کی تاریخ اور وقتِ مقررہ کو محفوظ کرانے کے لیے wcs.education/ua-store کو اپنے ویب براؤزر میں کاپی اور پیسٹ کریں۔ اپنی ٹکٹوں کو آن لائن محفوظ کرانے کے لیے آپ کو **واؤچر آئی ڈی نمبر** اور اسکول کا نام فراہم کرنے کی ضرورت ہو گی۔ ایک مرتبہ جب آپ آن لائن مقررہ وقت محفوظ کرا لیں، آپ کو ایک علیحدہ ای میل کے ذریعے اپنی ٹکٹس موصول ہونگی، جسے آپ اپنے محفوظ کردہ تاریخ اور وقت پر داخلے کے بوتھ پر اپنے موبائل آلے کے ذریعے دکھائیں گے۔

## نیویارک بوٹینیکل گارڈن (New York Botanical Garden)

All-Garden Pass دن کے دوران رسائی کے لیے کارآمد ہے۔ ہالیڈے ٹرین شو، دی اورکِڈ شو اور دیگر مخصوص نمائشوں میں داخلے دستیابی پر مشروط ہیں۔ پارکنگ شامل نہیں۔ واؤچر کو استعمال کرنے کے لیے NYBG جائیں اور دورہ کرنے والوں کی خدمات انجام دینے والے عملے کو ٹکٹ بوتھ پر اپنا UA "طالبِ علم +3" واؤچر (یا تو کاغذی یا پھر ڈیجیٹل نقل) دکھائیں۔

## نیویارک ہال آف سائنس (New York Hall of Science)

عام داخلے کے لیے کارآمد ہے۔ پارکنگ شامل نہیں۔ اس واؤچر کو استعمال کرنے کے لیے، اپنی داخلے کی تاریخ اور وقت مقررہ کو محفوظ کرنے کے لیے nysci.org/specialty-museum-access-programs پر جائیں۔ اپنی ٹکٹوں کو آن لائن محفوظ کرنے کے لیے آپ کو اپنا **واؤچر آئی ڈی نمبر** اور اسکول کا نام فراہم کرنے کی ضرورت ہو گی۔ ایک مرتبہ جب آپ آن لائن مقررہ وقت محفوظ کرا لیں، آپ کو ایک علیحدہ ای میل کے ذریعے اپنے ٹکٹس موصول ہونگے، جسے آپ اپنی مقررہ تاریخ اور وقت پر داخلے کے مقام پر اپنے موبائل آلے کے ذریعے دکھائیں گے۔ ہمارے اوقات کار کے لیے براہِ مہربانی ہماری ویب سائٹ سے رجوع کریں: https://nysci.org/visit.

**مذکورہ بالا میں درج کسی بھی ادارے کا دورہ کرنے کے لیے اپنے واؤچر کو کس طرح استعمال کیا جائے اسکے بارے مزید معلومات اور تازہ ترین خبروں کے لیے براہِ کرم ذیل پر جائیں:** https://www.urbanadvantagenyc.org/visit-ua-institutions/

## کوئنز بوٹینکل گارڈن (Queens Botanical Garden)

واؤچر کوئنز بوٹینیکل گارڈن کے عام داخلوں کے لیے کارآمد ہیں۔ آپ اپنا "طالب علم + 3" واؤچر اپنے موبائل پر یا کاغذ پر مرکزی داخلہ یا پارکنگ بوتھ پر مفت داخلے کے لیے دکھا سکتے ہیں۔ توجہ کریں کہ پارکنگ فیس آپکے واؤچر میں شامل نہیں ہے۔ ہمارے سرگرمیوں کے کیلنڈر کو ملاحظہ کرنے کے لیے براہِ کرم www.queensbotanical.org پر جائیں!

- **کوئنز بوٹینکل گارڈن کھلا ہے:**
  - اپریل - اکتوبر: منگل تا اتوار، صبح 8 تا شام 6 بجے
  - نومبر – مارچ: منگل تا اتوار، صبح 8 تا شام 4:30 بجے
    - سال بھر ہر پیر کے دن بند رہے گا سوائے قانونی تعطیلات کے۔ تھینکس گیونگ، کرسمس، اور نئے سال کے دن بند ہوگا۔

## اسٹیٹن آئلینڈ زوُ (Staten Island Zoo)

اپنا UA واؤچر کو استعمال کرنے کے لیے برائے مہربانی http://www.statenislandzoo.org/tickets/ پر جائیں۔ واؤچر تمام نمائشوں میں داخلے کے لیے کارآمد ہے۔

واؤچر کو استعمال کرنے کے لیے ہدایات:

- "اربن اینڈوانٹیج داخلے ٹکٹس" کے بٹن پر کلک کریں۔
- دورہ کرنے والے مہمانوں کی تعداد کو منتخب کرنے کے لیے ڈراپ ڈاؤن مینو انتخابات میں سے ذیل عنوان کو منتخب کریں Urban Advantage Tickets Covered By Voucher (زیادہ سے زیادہ 4)
  - اسی واؤچر نمبر کو استعمال کرتے ہوئے مزید مہمانوں کو محفوظ کر کے شامل کیا جا سکتا ہے۔
- چیک آوٹ کرنے سے قبل آپ سے آپکا واؤچر آئی ڈی نمبر، استاد کا نام، اور اسکول کا نام فراہم کرنے کے لیے پوچھا جائے گا۔
  - آپ کو داخلہ دروازے پر آمد کے وقت UA "طالب علم + 3" واؤچر (کی کاغذی یا ڈیجیٹل ایک نقل) دکھانا لازمی ہے۔ مفت پارکنگ دستیاب ہے۔
- UA "طالب علم + 3" واؤچرز کو ایک زُو معلم اور آپ کی پسند کے جانور کے ساتھ 15 منٹ براہِ راست باہمی عمل"ورچوئل انیمل ڈراپ اِن" کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ http://www.statenislandzoo.org/virtual-zoo/ جا کر 5 دن پہلے پیشگی (مقررہ وقت) محفوظ کرانا درکار ہے
  - اگر آپ اپنا UA واؤچر ایک ورچوئل اینیمل ڈراپ-اِن کے لیے استعمال کر رہے ہیں، چیک آوٹ کرتے وقت اپنا محفوظ شدہ رعایتی قیمت (ریڈمشن ڈسکاونٹ) کا اطلاق کرنے کے لیے رعایتی قیمت کوڈ "UAS+3" (چھوٹے بڑے حروف سے فرق پڑتا ہے) استعمال کریں۔ آپ سے اپنا واؤچر آئی ڈی نمبر فراہم کرنے کا کہا جائے گا۔

**مذکورہ بالا میں درج کسی بھی ادارے کا دورہ کرنے کے لیے اپنے واؤچر کو کس طرح استعمال کیا جائے اسکے بارے مزید معلومات اور تازہ ترین خبروں کے لیے براہِ کرم ذیل پر جائیں:** https://www.urbanadvantagenyc.org/visit-ua-institutions/

# COVID صحتیاتی اور تحفظاتی مطلوبات UA شراکت دار اداروں کا دورہ کرنے کے لیے

## امریکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری: COVID-19 کے دوران صحت اور حفاظت

(مزید معلومات کے لیے، براہ کرم یہاں جائیں: https://www.amnh.org/plan-your-visit/covid-19-visitors-staff)
مہمانوں اور عملے کے لیے ماسکس پہننے کی تجویز کی جاتی ہے۔

## برونکس زُو: COVID-19 کے دوران صحت اور حفاظت

(مزید معلومات کے لیے، براہ کرم یہاں جائیں: https://bronxzoo.com/plan-your-visit/know-before-you-go)

**آپ کے دورے کے لیے ماسکس پہننے اور جدید ترین ویکسین لگوانے کی تجویز کی جاتی ہے۔ مختلف وجوہات کی بنیاد پر مہمان اور عملہ ماسک پہننا جاری رکھ سکتے ہیں، اس لیے براہِ کرم دیگر افراد کے ساتھ شفقت اور احترام کے ساتھ پیش آئیں۔**

**اسکول کلاس کے دوروں اور برادری کے دوروں کے لیے ماسکس پہننے کی تجویز کی جاتی ہے۔**

- نگرانی کے تناسب کی پابندی ہر وقت کرنا لازمی ہے – طلبا کے گروپس ہر 10 نابالغ بچوں کے گروپ کے لیے ایک (1) بالغ نگران کا تقاضا کرتے ہیں اور نگرانوں کو ہر وقت اپنے گروپ کے ساتھ ہونا لازمی ہے۔

## بروکلن بوٹانیک گارڈن: COVID-19 کے دوران صحت اور حفاظت

بروکلن بوٹینیک گارڈن CDC، نیو یارک ریاست، اور نیو یارک شہر کے رہنما خطوط کی پابندی کررہا ہے۔ چونکہ یہ تبدیل ہو سکتے ہیں، ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ تازہ ترین معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں. آپ اپنے سوالات کے ساتھ schoolprograms@bbg.org پر بھی ای میل بھیج سکتے ہیں۔
ہر ایک کی حفاظت کے لیے، گارڈن کسی ایسے دورہ کرنے والے کو داخل ہونے سے انکار کرنے یا داخلہ منسوخ کرنے کا حق رکھتا ہے جو صحت اور حفاظت کے رہنما خطوط کی پاسداری کرنے سے انکار کرے۔ دوسروں کا احترام کرنے کے لیے آپکا شکریہ۔

## نیو یارک اکویریم: (New York Aquarium) COVID-19 کے دوران صحت اور حفاظت

(مزید معلومات کے لیے، براہ کرم اس پر جائیں: https://nyaquarium.com/plan-your-visit/know-before-you-go)

**آپ کے دورے کے لیے ماسکس پہننے اور تازہ ترین ویکسین لگوانے کی تجویز کی جاتی ہے۔ مختلف وجوہات کی بنیاد پر مہمان اور عملہ ماسک پہننا جاری رکھ سکتے ہیں، اس لیے براہِ کرم دیگر افراد کے ساتھ شفقت اور احترام کے ساتھ پیش آئیں۔**

**اسکول کلاس کے دوروں اور برادری کے دوروں کے لیے ماسکس پہننے کی تجویز کی جاتی ہے۔**

- نگرانی کے تناسب کی پابندی ہر وقت کرنا لازمی ہے – طلبا کے گروپس ہر 10 نابالغ بچوں کے گروپ کے لیے ایک (1) نگران بالغ کا تقاضا کرتے ہیں اور نگرانوں کو ہر وقت اپنے گروپ کے ساتھ ہونا لازمی ہے۔

## نیو یارک بوٹینیکل گارڈن: COVID-19 کے دوران صحت اور حفاظت

**7 مارچ، 2022 سے نافذالعمل:** CDC، ریاستی اور مقامی رہنما خطوط کے مطابق، نیو یارک بوٹینیکل گارڈن کا دورہ کرنے والے افراد کے لیے ویکسینیشن کا ثبوت مزید درکار نہیں ہے اور چہرے کا ماسک پہننا مطلوب نہیں ہے۔ براہِ کرم یہ ذہن میں رکھیں کہ مختلف وجوہات کی بنیاد پر عملے کے کئی ارکان اور مہمان ماسک پہننا جاری رکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ بیمار ہیں یا آپ کو علامات ہیں تو ہم گزارش کرتے ہیں آپ کسی اور دن دورہ کریں۔ آپ کی دوسروں کے ساتھ شفقت اور احترام کے ساتھ پیش آنے کی نہایت قدر کی جاتی ہے۔

**مذکورہ بالا میں درج کسی بھی ادارے کا دورہ کرنے کے لیے اپنے واؤچر کو کس طرح استعمال کیا جائے اسکے بارے مزید معلومات اور تازہ ترین خبروں کے لیے براہِ کرم ذیل پر جائیں:** https://www.urbanadvantagenyc.org/visit-ua-institutions/

urban advantage science initiative

## نیو یارک ہال آف سائنس: COVID-19 کے دوران صحت اور حفاظت

(مزید معلومات کے لیے، براہ کرم اس پر جائیں: https://nysci.org/visit#visitors_policies_section)

نیو یارک ہال آف سائنس (NYSCI) کی دورہ کرنے والوں کے لیے ویکسینیشن یا ماسک پہننے کے کوئی مطلوبات نہیں ہیں۔

## کوئنز بوٹینکل گارڈن: COVID-19 کے دوران صحت اور حفاظت

تازہ ترین معلومات کے لیے، براہ کرم ذیل پر جائیں: https://queensbotanical.org/know-before-you-go/
کوئنز بوٹینکل گارڈن میں زیادہ تر باہر کی سہولیات ہیں۔ اس وقت مہمانوں اور عملے سے باہر ماسک پہننا مطلوب نہیں ہے لیکن ان کی ایسا کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

ہماری اندرونی جگھوں میں فی الوقت تمام مہمانوں سے ماسک پہننا مطلوب ہے۔ ہماری اندرونی جگھوں میں شامل ہیں: کلاس رومز، QBG اسٹور، اور دورہ کرنے والوں اور انتظامیہ کی عمارتی گیلری۔

جو افراد ہماری عمارتوں میں زیادہ وقت ٹھہرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں (15 منٹ سے زیادہ)، انہیں آمد سے قبل اپنی تشخیص خود کرنی چاہئیے۔ اگر ذیل سوالات میں سے کسی کا بھی جواب "ہاں" میں ہے ، دورہ کرنے والے فرد کو گھر پر رہنا چاہئیے:

- کیا پچھلے 48 گھنٹوں میں، مجھے COVID-19 کی کوئی نئی یا بگڑتی ہوئی علامات کا سامنا کرنا پڑا؟
- اگر غیر ویکسین شدہ ہوں، کیا میں پچھلے 10 دنوں میں کسی ایسے فرد کے قریبی رابطہ میں رہا ہوں (24 گھنٹوں میں کم از کم 10 منٹ کے لیے چھ فٹ کے اندر) یا تقریباً نزدیکی رابطے میں رہا ہوں (جیسا کہ صحت کے اربابِ اختیار کے ذریعے تعین کیا گیا ہے) جسکی COVID-19 کی تشخیصی جانچ میں تصدیق ہو گئی ہے یا علامات کی بنیاد پر مشتبہ ہے؟
- کیا پچھلے 10 دنوں میں میرا COVID-19 تشخیصی جانچ کا نتیجہ مثبت آیا ہے؟

## اسٹیٹن آئلینڈ زوُ COVID-19 کے دوران صحت اور حفاظت

(مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ذیل پر جائیں: http://www.statenislandzoo.org/what-to-expect/)

**ویکسینیشنز**
مہمانوں کے لیے اسٹیٹن آئلینڈ زو میں داخل ہونے کے لیے ویکسینیشن کا ثبوت مطلوب نہیں ہے۔

**ماسکس:**
جبکہ ماسک پہننا مطلوب نہیں ہے، مہمان اور عملہ مخلتف وجوہات کی بنا پر ماسک پہننا جاری رکھ سکتے ہیں، براہِ کرم دوسروں کے ساتھ شفقت اور احترام کے ساتھ پیش آئیں۔

ہم یہاں نیو یارک شہر کے سب سے بڑے چھوٹے زُو (NYCs biggest little zoo) میں ہمارے زُو کے چاہنے والوں کے لیے ایک محفوظ، ثمرخیز اور پُرلطف تفریح فراہم کرنے کے لیے 100% پُرعزم ہیں۔ اگر آپ بیمار ہیں، آپ کو علامات ہیں، یا ہو سکتا ہے کہ آپ کا سامنا COVID-19 سے ہوا ہے تو ہم گزارش کرتے ہیں آپ اپنے دورے کو کسی اور دن کے لیے دوبارہ شیڈول کریں۔ آپ کی دوسروں کے ساتھ شفقت اور احترام کے ساتھ پیش آنے کی نہایت قدر کی جاتی ہے۔

ہم آپ کی شرکت کرنے کے متمنی ہیں!

**مذکورہ بالا میں درج کسی بھی ادارے کا دورہ کرنے کے لیے اپنے واؤچر کو کس طرح استعمال کیا جائے اسکے بارے مزید معلومات اور تازہ ترین خبروں کے لیے براہِ کرم ذیل پر جائیں: https://www.urbanadvantagenyc.org/visit-ua-institutions/**